# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ بائیولوجی)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-02-2027 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

کورس: جنرل سائنس (203) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کریں۔

کل نمبر: 100 **امتحانی مشق نمبر 1** کامیابی کے نمبر: 40

(یونٹ: 1-3)

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ تمام سوالات کے برابر نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: سائنس کی تعریف بیان کریں۔ سائنس کی اہمیت، سائنس کی اقسام اور سائنس اور معاشرے کے باہمی تعلق پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2: اسلام میں سائنس کے تصور کو واضح کریں۔ قرآن پاک کی روشنی میں سائنس کی اہمیت بیان کریں اور مسلمان سائنسدانوں کی خدمات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3: کرہ ہوائی (Atmosphere) کیا ہے؟ کرہ ہوائی کی ساخت اور مختلف تہوں کی وضاحت کریں اور زندگی کے لیے اس کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: عالمی ماحولیاتی مسائل بیان کریں۔ گرین ہاؤس ایفیکٹ تیزابی بارش اور اوزون کی تہہ کی تباہی کی وجوہات اور اثرات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5: خلیہ (Cell) کی تعریف کریں۔ خلیہ کی ساخت، اقسام اور کروموسومز کی بناوٹ اور افعال کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 40

(یونٹ 4-6)

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ تمام سوالات کے برابر نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: اعصابی نظام کی تعریف کریں۔ اعصابی نظام کے اجزاء بیان کریں اور اعصابی خلیہ (نیوران) کی بناوٹ اور کام کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: نظام ہاضمہ کی تعریف کریں۔ انسانی نظام ہاضمہ کے مختلف حصوں اور ان کے افعال بیان کریں نیز غذائی نالی اور معدہ کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: صحت سے کیا مراد ہے؟ صحت کے لیے ضروری عوامل بیان کریں اور صحت مند زندگی گزارنے کے اصول تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4: انزائمز (Enzymes) کیا ہیں؟ انزائمز کی خصوصیات بیان کریں اور انزائمز کا خلیے میں کردار وضاحت سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5: Genes اور DNA کیا ہیں؟ ان کی تعریف کریں۔ EngineeringGenetic کے انسان کی زندگی میں فائدہ مند کردار کو مثالوں کے ساتھ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 3

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 40

(یونٹ 7-9)

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ تمام سوالات کے برابر نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: پانی کی کثافتیں کیا ہیں؟ پانی کو صاف کرنے کے مختلف طریقوں پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: ہوا میں موجود مختلف گیسوں کے نام لکھیں اور ہر گیس کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: دھاتیں اور غیر دھاتیں کیا ہیں؟ دھاتوں اور غیر دھاتوں کی جسمانی اور کیمیائی خصوصیات کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: زنگ آلودگی (Rusting) کیا ہے؟ آکسیجن اور پانی دھاتوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ زنگ آلودگی سے بچاؤ کے لیے حکمتِ عملی (Strategies) پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5: نامیاتی (Organic) اور غیر نامیاتی (Inorganic) مرکبات کیا ہیں؟ ان مرکبات کو تیار کرنے کے طریقے بیان کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 4

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 40

(یونٹ 10-12)

سوال نمبر 1: توانائی (Energy) کی تعریف کریں اور اس کی اہمیت بیان کریں۔ توانائی کی مختلف اقسام کا مختصر جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: قابل تجدید توانائی کے وسائل کیا ہیں؟ انہیں فہرست کی شکل میں لکھیں اور تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: الیکٹرک کرنٹ کیا ہے اور الیکٹرک کرنٹ کا حصول کس طرح ممکن بنایا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4: برقی مقناطیسی موجیں کس طرح پیدا ہوتی ہیں اور ان کو استعمال کیسے کیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5: ٹیلی ویژن پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)